

# اشرف عادل کشمکش کی داخلی جہتوں کا شاعر

ڈاکٹر شکیل شفائی
سرینگر

اشرف عادل کی شاعری کثرتِ مضامین اور وحدتِ احساس کی وجہ سے فن کے افق پر طلوع ہونے والی ایک قوس قزح کا منظر پیش کرتی ہے جس کے رنگ متنوع ہونے کے باوجود ایک ہی وجود کا حصہ نظر آتے ہیں۔

اشرف عادل کی شاعری ایک ایسی شعری کائنات کی تشکیل کرتی ہے جس میں انسانی تجربے کے متنوع اور متضاد رنگ لفظوں کے ساحرانہ پیکر میں ڈھل کر سامنے آتے ہیں۔ ان کی شاعری محض جذبات کا اظہار نہیں بلکہ ایک فکری مکالمہ ہے جو انسان، کائنات، ذات اور ربِ کائنات کے درمیان ظہور پاتا ہوا محسوس ہوتا ہے۔ ان کے یہاں غزل روایت کی پاسداری بھی ہے اور کہیں کہیں اس سے ایسا تخلیقی انحراف بھی جو قاری کو ماضی سے متنفر نہیں کرتا۔ یہ ایسی خوبی جو جدید شعری منظرنامے میں نایاب نہ ہو تو کمیاب ضرور ہے۔

مجموعے کی ابتدا میں شاعر کی آرزو حمدِ الٰہی میں فنا ہو جانے کی ایک صوفیانہ تعبیر بن کر سامنے آ جاتی ہے:

اے کاش تیری حمد لکھوں حمد پڑھوں بس

یہاں شاعر کا داخلی اضطراب اور روحانی جستجو نمایاں ہے۔ لیکن اسے یہ احساس بھی ستاتا ہے کہ اس کی تخلیقی اظہار کی شعری جہتیں زلفِ غزل میں گرفتار ہیں، گویا فن اور روحانیت کے درمیان چندے داخلی اور چندے خارجی ایک کشمکش جاری ہے۔ یہی کشمکش عادل کی شاعری کو لباسِ وجود میں ظہور کرنے کا جواز فراہم کرتی ہے۔

شاعر نے انسانی تعلقات کی منافقت، زہریلی مسکراہٹوں کی کڑواہٹ، گفتار و کردار میں ناقابلِ عبور خلیج، فقدانِ اخلاص اور خلوص سے محبت کرنے کی عدمِ صلاحیت کو نہایت بلیغ استعاروں میں پیش کیا ہے:

تو نے کیا ہے چاک گریباں مرا مگر
لتے تھے میرے یار بہت زیرِ آستیں

اس شعر میں شاعر محض ذاتی سطح پر شکوہ سنج نہیں ہے بلکہ یہ ایک اجتماعی تجربے کا بیانیہ ہے۔ یہاں زیرِ آستیں مخفی عداوت و دشمنی اور غیر مرئی مکر و فریب کی علامت کے طور پر استعمال ہوا ہے۔ اسی غزل کے ایک اور شعر میں اس صورتحال کو مزید نکھار کر سامنے لایا ہے:

کالر پہ جس نے پھول چھپایا گلاب کا
اس نے چھپائے خار بہت زیرِ آستیں

یہاں محبت کے پردے میں چھپی اذیت سے نقاب کشائی کی ہے۔

شمس الرحمن فاروقی کا ایک قول ہے:

غزل کا کمال یہ ہے کہ وہ ذاتی تجربے کو آفاقی بنا دیتی ہے

اشرف عادل کا کلام اس کی سچی نمائندگی کرتا ہے۔ عادل کی شاعری میں موجود داخلی کرب ہر انسان کی ایک ان کہی کہانی معلوم ہوتا ہے۔ عادل قاری کو تجربات کے انہی مقامات سے گزارتے ہیں جن مقامات سے وہ خود گزرے ہیں یہی وجہ ہے کہ شعر کی قرأت کے دوران قاری کی روح شاعر کے روح سے مکالمہ کرتی ہے اور یوں شعر زندگی کی الہامی تعبیر میں ڈھل جاتا ہے۔

انسانی نفسیات کی پہنائیوں میں انا کے وجودی کرب کے زہر کو شاعر نے نہایت گہرائی سے محسوس کیا ہے:

مرتے گئے ہیں زہر سے اپنی انا کے وہ
انپوں کے ہیں مزار بہت زیرِ آستیں

یہاں انا ایک تباہ کن قوت اور سامرائی سحر کے طور پر سامنے آتی ہے، فلسفیانہ سطح پر یہ اشعار وجودی بحران (**existential crisis**) کی طرف اشارہ کرتے ہیں۔ وجود یا شخصیت کا غیر عارفانہ بحران ہی انانیت و پندار کو جنم دیتا ہے۔

ایلیٹ نے ایک جگہ لکھا ہے:

**"Poetry is not a turning loose of emotion, but an escape from emotion."**

(شاعری محض جذبات کا اظہار نہیں بلکہ ان سے فرار کا ایک ذریعہ ہے)

معلوم ہوتا ہے کہ تخلیقِ شعر کے لمحات میں اشرف عادل انہی کیفیات سے دوچار ہوتے ہیں:

پروانہ جدا رقص جدا آگ جدا ہے
دشکر، دیا تیز ہواؤں میں جلا ہے


عادل فنِ غزل ہی سے واقف نہیں، شعری خود آگاہی کا حامل بھی ہے:

حرف بہ حرف جو بھی لکھا تیرے سامنے ہے سب
شعر کے ساتھ ساتھ یہ دل بھی نکال کر دیا

یہاں شعر کے تخلیقی تجربے میں دل قربانی کا رمز پیش کرتا ہے۔ شاعر کے نزدیک شعر محض حروف اور الفاظ کا مجموعہ نہیں بلکہ وجود کا محسوس حصہ بھی ہے جس کے بغیر شاعری کی کنہ ذہن کے پردے پر نمودار نہیں ہوتی۔

عبدالقاہر جرجانی کہتے ہیں:

النظم ھو توخی معانی النحو فی معانی الکلم




(نظم یہ ہے کہ الفاظ کے معانی میں نحوی معانی کی ترتیب کو ملحوظ رکھا جائے)

اس کا مطلب یہ ہے کلام کی نحوی ترکیب بھی معنی کی جہتوں کو متعین کرتی ہے، اسے ہم نظمِ کلام کہتے ہیں۔

یہ اصول اشرف عادل کی شاعری میں معنوی ترتیب اور فکری ربط کے ساتھ نمایاں اور نمودار نظر آتا ہے:

اس فکر کے چراغ میں جلتا ہے خونِ دل
رکھتا ہوں حرف حرف چراغاں کیے ہوئے

عادل کی شاعری میں صرف داخلی کرب کی بازگشت نہیں سنائی دیتی بلکہ خارجی حالات کی بھی عکس بندی پائی جاتی:

اوپر سے خشک سالی دکھائی تو دیتی ہے
بہتے ہیں آبشار بہت زیرِ آستیں

اس شعر میں ظاہری قحط اور باطنی فراوانی کا ایک تہ دار و پرت دار استعارہ پایا جاتا ہے۔ یہ شعر سماجی نفاق اور مستور حقیقتوں کی طرف مشیر ہے۔

عادل کی شاعری میں مایوسی، بیم و رجا اور مسرت آگہی کے تکونی زاویے ایک فکری مثلث کی تشکیل کرتے ہیں جو حیاتِ انسانی کے ایسے پہلو ہیں جو سب کے مشاہدے میں ہیں:

پرواز بھی فریب ہے آکاش بھی فریب
بھٹکا ہوا سا نقلِ مکانی میں کون ہے

کہاں پر برف ہم بھی بیچنے آئے
یہاں پر دھوپ کا بازار ہے توبہ

اگرچہ رات اندھیری ہے سر بسر عادل
ابھی بھی نور کا امکاں دکھائی دیتا ہے

دہلیزِ شب پہ شمع جلا دیجیے کبھی
اس دورِ تیرگی میں کرامات دیکھیے

جہانِ لاشعور عادل کا تیسرا مجموعۂ کلام ہے۔ الہام سے پہلے میں جہاں زمینی صداقتوں کا عرفان ہویدا تھا جہانِ لاشعور تک آتے آتے اس میں نئے فلسفیانہ زاویے شامل ہو گئے ہیں:

دنیا کسی انسان کی جاگیر نہیں ہے
یہ پیکرِ خاکی تو جہانگیر نہیں ہے

یہ شعر عالمِ وہم و طلسم مجاز کی تصویر پیش کرتا ہے نیز ہمیں انسان کی قدغنوں اور حد بندیوں سے آگاہ کرتا ہے:

اِس شعر کے حروف و معانی میں کون ہے
اُولیٰ میں تُو ہے مصرعِ ثانی میں کون ہے

افسانہ بھی نہیں ہے حقیقت بھی نہیں ہے
آخر یہ تیری رام کہانی میں کون ہے

انسان کا لہو وہ بھی انساں پہ دوستو
اس شہر میں حلال کئی سال تک رہا

انسانیت تو پہلے سسکتی رہی یہاں
پھر آدمی کا کال کئی سال تک رہا

آدمی کا کال بہت منفرد اور طاقتور استعارہ ہے۔ یہ ہمارے وجود کی عدمِ معنویت پر دلالت کرتا ہے۔ البرٹ کیمس (**Albert Camus**) نے ایک جگہ لکھا ہے:

**"The absurd is born of this confrontation between the human need and the unreasonable silence of the world."**

(انسانی ضرورت اور دنیا کی غیر معقول خاموشی کے درمیان تصادم سے زندگی کی مہملیت جنم لیتی ہے)

عادل اس صورتحال سے بے خبر نہیں ہیں:

کھڑکی نہ کھول جل رہے ہیں کمرے میں چراغ
دہلیز پر مچا رہی ہے شور پھر ہوا

بچھو، درندے، سانپ ابھی ہیں چھپے ہوئے
بستی کے چہرے سے ابھی پردہ نہیں اٹھا

میں نے عادل کی فکری قوسِ قزح کے بے شمار رنگوں سے یہ مختصر تحریر رنگ دی ہے ورنہ اس بحر میں ابھی ہیرے موتیوں کی کمی نہیں۔

عادل اشرف کی شاعری میں موضوعات کی کثرت بظاہر انتشار کا تاثر دیتی ہے، مگر درحقیقت یہ سب ایک مرکزی احساس۔ انسانی وجود کی پیچیدگی اور کشمکش کی داخلی جہتوں کے گرد گھومتے ہیں۔ ان کے اشعار میں رشتوں کی بے وفائی، ذات کا کرب، روحانی جستجو، فن کی خود آگاہی، معاشرتی رویوں پر تنقید اور کائناتی تجسس سب ایک مربوط فکری نظام میں ڈھل جاتے ہیں۔

وزیر آغا کے الفاظ میں:

اچھی شاعری وہ ہے جو قاری کو اپنے اندر ایک نئی کائنات دریافت کرنے پر مجبور کر دے۔

اشرف عادل کی شاعری یقیناً اسی معیار کو چھو رہی ہے۔ یہ محض شاعری نہیں بلکہ ایک فکری اور روحانی سفر ہے جس میں قاری خود کو بھی دریافت کرتا ہے اور دنیا کو بھی نئے زاویے سے دیکھنے کی کوشش کرتا ہے۔

□□□□□□□□□□□□□

---

# سفید پوش
افسانہ

سیدہ ایمن عبدالستار

سوگوار گھر کے در و دیوار پر اداسی کی دبیز چادر تنی تھی، مگر کمرے کے اندر ایک الگ ہی خاموشی کا راج تھا۔ میں جب رضیہ بھابھی کے پاس بیٹھی تو ان کے چہرے پر غم کے ساتھ ساتھ ایک عجیب سی حیرت کا رنگ بھی تھا۔ ہم خاندان والے تو ان کا دکھ بانٹنے آتے ہی رہتے تھے، لیکن رضیہ بھابھی مجھ سے وہ بات بھی کر لیتی تھیں جو وہ کسی اور سے نہیں کر پاتی تھیں۔ ہماری وائبز ✗ ہمیشہ سے ملتی تھیں۔

عنبرین، ایک عجیب بات ہوئی ہے۔ بھابھی نے میرا ہاتھ تھاما اور دھیمی آواز میں بولیں،

کیا ہوا بھابھی۔۔؟؟ میں ایک لمحے کے لیے ٹھٹک گئی۔

میرے بڑے بھائی کا فون آیا تھا انھوں نے سنجیدگی سے کہا میں نے حیرت سے انھیں دیکھا

وہی بڑے بھائی جو برسوں سے ملک سے باہر مقیم تھے؟ وہ بھائی جو دیارِ غیر میں رہ کر سب بہنوں کے جہیز اور والدہ کے اخراجات کا بوجھ تو اٹھاتے تھے، لیکن جذباتی طور پر سب سے کٹے ہوئے تھے۔ بارہ بہنوں کے اس بڑے خاندان میں ان کا رابطہ صرف والدہ تک محدود تھا۔ ہمیں تو لگتا تھا کہ شاید انہیں سب بہنوں کے نام بھی یاد نہیں ہوں گے۔

بھائی کا فون؟ میں نے تجسس سے پوچھا، وہ تو کبھی کسی سے بات نہیں کرتے تھے۔

ہاں بھابھی کی آنکھوں میں آنسو آ گئے

ہاں، مجھے تو لگا تھا انہیں میرا نام بھی یاد نہیں ہوگا اور یہ بھی کہ میں بھی ان کی ایک بہن ہوں۔ وہ تو امی کو عید کے پیسے بھیج دیتے تھے کہ سب میں بانٹ دیں لیکن شوہر کی فوتگی کے بعد سے وہ اب ہر دوسرے تیسرے دن فون کرتے ہیں۔ انہوں نے مجھے ایک لاکھ روپے بھیجے ہیں اور کہہ رہے ہیں کہ اب ہر ماہ پچیس ہزار روپے باقاعدگی سے بھیجا کریں گے۔ بھابھی کی آنکھوں میں آنسو تیرنے لگے۔

پھر آپ نے کیا کہا؟ میں نے حیرت سے دیکھا،

میں نے منع کر دیا، بھابھی بولیں،

میں نے کہا بھائی! میرا بیٹا جوان ہے، مالی تنگی کوئی نہیں۔ آپ زحمت نہ کریں۔ لیکن بھائی نے جو جواب دیا اس نے میرا کلیجہ چیر دیا۔ کہنے لگے،

رضیہ! یہ میری ذمہ داری ہے۔ بہت سے خرچے ایسے ہوتے ہیں جو عورتیں اپنی اولاد سے نہیں کہہ پاتیں بیٹا گھر کا خرچ تو چلائے گا، پر شاید وہ تمہیں الگ سے جیب خرچ نہ دے پائے۔ یہ پیسے تمہارے اپنے ہوں گے تاکہ تمہاری سفید پوشی کا بھرم بنا رہے۔ ✗ رضیہ بھابھی کچھ دیر رکیں، جیسے یادوں کے کسی پرانے البم کے صفحات پلٹ رہی ہوں۔

میں نے ہمت کر کے پوچھ ہی لیا کہ بھائی! پہلے بھی ہماری دو باجیاں بیوہ ہوئیں، آپ نے انہیں تو کبھی کچھ نہیں دیا، پھر مجھے کیوں؟ پھر ایک گہرا سانس لے کر بولیں۔ رضیہ، انہیں بھی دیتا ہوں، ان کا بھی برسوں سے مہینہ باندھا ہوا ہے۔ بس انہیں سختی سے منع کیا ہے کہ کسی سے ذکر نہ کریں تاکہ ان کا مان نہ ٹوٹے۔ بھائی کہنے لگے بھابھی کی آواز اب سسکیوں میں بدل رہی تھی رضیہ بھابھی کو ایک دم اپنی وہ دونوں بیوہ بہنیں یاد آئیں جو ہمیشہ کھلے ہاتھ سے خرچ کرتی تھیں، بھتیجے بھتیجیوں کو عیدیاں دیتیں اور کسی کے سامنے ہاتھ نہ پھیلاتی تھیں۔ ہم سب تو یہی سمجھتے تھے کہ شاید ان کے سسرال والے بہت سخی ہیں، پر سچ تو یہ تھا کہ سات سمندر پار بیٹھا وہ بھائی خاموشی سے ان کے سروں پر سائبان بنا ہوا تھا۔ میں نے رضیہ بھابھی کے چہرے پر ایک اطمینان کے ساتھ گہرا دکھ بھی دیکھا۔ رضیہ بھابھی نے مجھے ساری بات بتائی اور خوب روئیں۔ اپنے بھائی کو دعائیں دیتی رہیں اور میرا دل بھی ایسے انسان کے لیے ڈھیروں دعائیں کرتا رہا جو اپنی بہنوں پر اتنا مہربان ہو۔ ایسے اچھے لوگوں پر ہی دنیا قائم ہے۔ رشتوں کا بھروسہ قائم ہے۔

---

# بیدار روح...
افسانہ

انیسا گلزار اروانی

زریاب نے اپنے باپ کے کھردرے ہاتھوں کو چوما اور اسے محسوس ہوا کہ، برسوں سے اس کے وجود کو جکڑے ہوئے وہ نادیدہ بوجھ ایک پل میں چھٹ گیے ہیں. اس نے صحن میں کھیلتی اپنی چھوٹی بہن کو دیکھا اور اپنے بھائی کے کندھے پر ہاتھ رکھا. وہی بھائی جو اس کے ہر دکھ سکھ کا ساتھی تھا. اسے احساس ہوا کہ وہ جسے قفس سمجھ کر رو رہا تھا، وہ تو دراصل وہ خلا تھا، جسے صرف شکر گزاری ہی بھر سکتی تھی. اس نے آسمان کی طرف نگاہ اُٹھائی جہاں تارے جگمگا رہے تھے، اور دھیمے سے پکارا. اے میرے رب تیرا شکر کہ تو نے مجھے ٹوٹنے دیا، تاکہ میں پھر سے جڑنا سیکھ سکوں.

زریاب اب وہ شخص نہیں رہا تھا، پہلے وہ اپنے ہی باپ، بھائی اور بہن کے ساتھ برا سلوک روا رکھتا تھا. اس نے اسی بدسلوکی کی وجہ سے اپنی ماں کو بھی کھو دیا تھا، اب اس کے پاس ان تین سہاروں کے علاوہ بچا ہی کیا تھا، ماں کی کمی بوڑھے باپ نے پوری کر دی تھی، لیکن کچھ خلا ابھی تک باقی تھا. اور وہ ناشکری کا خلا تھا. لیکن آج اس کی شخصیت میں کافی مثبت بدلاؤ تھا.

کبھی وہ ان شکستہ زنجیروں کا گلہ کرتا تھا اب وہ بیدار روح بن چکا تھا. جس نے اپنی خامیوں کو اپنی طاقت بنا لیا تھا. اس کی تندرستی اب محض مشقت کا ذریعہ نہیں، بلکہ خُدا کی مخلوق کی خدمت کا وسیلہ بن گئی تھی. انسان تب تک قید میں رہتا ہے، جب تک وہ اپنی محرومیوں کو گنتا ہے، اور وہ اسی لمحے آزاد ہو جاتا ہے، جب وہ اپنی نعمتوں کو پہچان لیتا ہے، بالکل زریاب کی طرح.

نوٹ: صفحہ ادب ہر جمعرات کو وادی کے معروف جواں سال ادیب سہیل سالم کی ادارت میں شائع ہوتا ہے۔ ان کے ساتھ salimsuhail3@gmail.com پر رابطہ قائم کیا جا سکتا ہے

